بچے کا نام "محمد آدم" رکھنا

مجیب: ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3066

تاریخ اجراء: 04 ربیع الاول 1446ھ/07 ستمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

محمد آدم نام رکھنا کیسا ہے؟ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہ بھاری نام ہے، رہنمائی فرمادیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

محمد آدم نام رکھنا بلا شبہ جائز، بلکہ باعثِ برکت ہے، کہ حدیث مبارکہ میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، اور "آدم" ابوالبشر سیدنا آدم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کا نام ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ اولاً بیٹے کا نام صرف "محمد" رکھیں، کیونکہ حدیث پاک میں "محمد" نام رکھنے کی فضیلت اور ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے اور ظاہر یہ ہے کہ یہ فضیلت تنہا نام محمد رکھنے کی ہے، پھر پکارنے کے لیے "آدم" رکھ لیجئے۔ مزید یہ کہ اسلام میں نام بھاری ہونے کا کوئی تصور نہیں ہے، بلکہ نام بھاری ہونے کے غلط تصور کی وجہ سے درست و مناسب نام کو بدلنا بدشگونی لینا ہے اور بدشگونی لینا، منع اور شیطانی کام ہے۔ ہاں! جو نام شرعاً بُرا یا نامناسب ہو، اسے بدل دینا چاہیے کہ نام کے معانی اچھے برے ہونے کی وجہ سے شخصیت پر اثر پڑتا ہے۔

محمد نام رکھنے کی فضیلت

کنز العمال میں روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ”من ولد له مولود ذكر فسماه محمدا حبالي وتبركا باسمي كان هو ومولوده في الجنة“ ترجمہ: جس کے ہاں بیٹا پیدا ہوا اور وہ میری محبت اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کے لئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اس کا بیٹا دونوں جنت میں جائیں گے۔ (کنز العمال، ج 16، ص 422، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت)

رد المحتار میں مذکورہ حدیث کے تحت ہے ”قال السيوطي: هذا أمثل حديث ورد في هذا الباب وإسناده حسن“ ترجمہ: علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے فرمایا: جتنی بھی احادیث اس باب میں وارد ہوئیں، یہ حدیث

ان سب میں بہتر ہے اور اس کی سند حسن ہے۔(ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الحظر والاباحۃ، ج6، ص417، دارالفکر، بیروت)

الفردوس بماثورالخطاب میں ہے:"تسموا بخیارکم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثورالخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دارالکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دارالافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net